© rasailojaraid.com



# صدراور ناظم اعلیٰ وفاق کی مصروفیات

ادارہ

**ملتان سے اسلام آباد روانگی:**......۲۴ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۶ جنوری ۲۰۱۵ء جمعۃ المبارک کی شام، ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدہم جامعہ خیر المدارس، ملتان سے اسلام آباد کے لئے روانہ ہوئے۔

**وفاقی وزیر داخلہ کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں شرکت:**......۲۵ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۷ جنوری ۲۰۱۵ء، بروز ہفتہ ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہ نے قائدین اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کے ہمراہ وزیر اعظم سیکرٹریٹ اسلام آباد میں وفاقی وزیر داخلہ چوہدری نثار علی خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں تمام سیاسی جماعتوں کے راہنما بھی موجود تھے۔ مولانا محمد حنیف جالندھری نے تنظیمات مدارس دینیہ پاکستا کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ، دیگر وزراء اور سیاسی جماعتوں کے ذمہ داروں کے سامنے دینی مدارس کا موقف بڑی وضاحت کے ساتھ مدلل پیش کیا۔ دینی مدارس کی طرف سے ملک وملت کے مفاد میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہمیشہ تعاون کرنے کے باوجود دینی مدارس کے ساتھ امتیازی سلوک اور نامناسب رویہ کو افسوس ناک قرار دیتے ہوئے نئے رجسٹریشن فارم پر تحفظات سے آگاہ فرمایا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے یقین دہانی کرائی کہ آئندہ بغیر ثبوت کے اور تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان وحکومت کے متفقہ رجسٹریشن فارم آنے تک کسی مدرسہ کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

**لاہور میں حکومتی اعلیٰ عہدیداران سے ملاقات:**......اسی روز اسلام آباد سے لاہور پہنچے اور لاہور میں بھی بعض حکومتی اعلیٰ عہدیداران وافسران سے ملاقات کی اور دینی مدارس کے امور پر تبادلہ خیال فرمایا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**جامعہ امدادیہ فیصل آباد میں منعقدہ تحفظ مدارس دینیہ کنونشن میں شرکت:**......۲۶ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۸ جنوری ۲۰۱۵ء بروز اتوار حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے جامعہ امدادیہ فیصل آباد میں ''تحفظ مدارس دینیہ کنونشن'' میں شرکت کی اور فیصل آباد ڈویژن کے اہل مدارس وعلمائے کرام سے خطاب میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے حکومت کے ساتھ ہونے والے مذاکرات سے آگاہ فرمایا۔ دینی مدارس پر کیے جانے والے اعتراضات اور اہل مدارس کی ذمہ داریوں پر تفصیلی گفتگو کی۔

**حضرت مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم اور حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم سے کراچی میں ملاقات:**...... ۲۷ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۹ جنوری ۲۰۱۵ء بروز پیر حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے کراچی میں مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم اور شیخ الاسلام حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم سے ملاقات کی اور موجودہ ملکی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا نیز دینی مدارس سے متعلقہ امور پر بھی مشاورت کی۔

**ریس کلب کراچی میں پریس کانفرنس:**......اسی روز پریس کلب کراچی میں حضرت مفتی محمد نعیم صاحب، حضرت مولانا عبید اللہ خالد صاحب، حضرت مولانا سعید یوسف صاحب، حضرت مولانا امداد اللہ صاحب کے ہمراہ گستاخانہ خاکوں کے خلاف پریس کانفرنس کی اور فرمایا گستاخانہ خاکوں کے خلاف مسلم حکمران اتحاد کا مظاہرہ کریں۔ مدینہ منورہ میں جمع ہو کر حرمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر دنیا کو متحد ہونے کا پیغام دیں۔ مولانا محمد حنیف جالندھری نے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے ۲۳ جنوری ۲۰۱۵ء کو یوم حرمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم منانے کا اعلان کیا۔ دینی مدارس کی رجسٹریشن کے حوالہ سے گفتگو کرتے ہوئے فرمایا تمام اداروں (دینی مدارس، این جی اوز اور عصری تعلیمی اداروں) کی بلاتفریق، بلاتخصیص یکساں نظام کے تحت رجسٹریشن کی جائے۔

**ولانا حافظ حسین احمد مدظلہ کے ہمراہ جامعۃ الرشید کراچی کا دورہ:**......اسی روز ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے سیکرٹری اطلاعات جمعیت علمائے اسلام پاکستان حضرت مولانا حافظ حسین احمد صاحب کے ہمراہ حضرت مفتی عبدالرحیم صاحب مدظلہم کی دعوت پر جامعۃ الرشید، کراچی کا دورہ کیا۔ جامعہ کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ رئیس الجامعہ حضرت مفتی عبدالرحیم صاحب مدظلہ اور حضرات اساتذہ کرام سے ملاقات کے دوران موجودہ ملکی صورت حال، حکومت اور مدارس کے مابین مذاکرات، مدارس کی رجسٹریشن کے معاملات پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا۔

**جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کی تقریب میں شرکت:**......۲۸ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۰ جنوری ۲۰۱۵ء بروز منگل ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم نے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے ناظم تعلیمات حضرت مولانا امداد اللہ صاحب کے صاحبزادے حافظ محب اللہ کی تکمیل حفظ قرآن کی تقریب میں


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شرکت کی اور خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ دینی مدارس قوم کی دینی راہنمائی کے ساتھ ساتھ نئی نسل کی تعلیم وتربیت میں مصروف عمل ہیں۔

**بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں تقریب کی صدارت:**......۲۹ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۱ جنوری ۲۰۱۵ء بروز بدھ ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں ''بین المذاہب وبین المسالک ہم آہنگی'' کے موضوع پر منعقدہ تقریب کی صدارت کی اور تفصیلی خطاب فرمایا۔

**صدر الوفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم العالیہ سے ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری کی خصوصی ملاقات:**......۷ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۸ جنوری ۲۰۱۵ء بروز بدھ ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ سے کراچی میں ملاقات کی اور 21 ویں ترمیم کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال حالات، دینی مدارس کی رجسٹریشن، مقتدر طبقوں سے چلنے والے مذاکرات سے آگاہ کیا اور مدارس سے متعلق مختلف امور پر مشاورت کی۔ حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب نے حکومت کے ساتھ معاملات کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کی کوششوں کو سراہا۔

**وفاق المدارس العربیہ پاکستان ملتان ڈویژن کے اجلاس میں شرکت:**......۱۱ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق یکم فروری ۲۰۱۵ء بروز اتوار ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان میں ملتان ڈویژن کے مہتممین حضرات وعلمائے کرام کے اجلاس میں شرکت کی۔ ''مدارس ومساجد کا تحفظ اور ہماری ذمہ داریاں'' کے عنوان پر اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ مدارس ومساجد کا تحفظ ہماری زندگی کا مقصد ہے۔ مدارس کی خودمختاری کے لئے آخری سانس تک جدوجہد جاری رہے گی۔ اسلام اور مدارس کا دہشت گردی سے دور کا بھی واسطہ نہیں بلکہ مدارس نے ہمیشہ امن کا پیغام دیا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کوائف طلبی کے نام پر اہل مدارس و ائمہ مساجد کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ پارلیمانی کمیٹی اور تنظیمات مدارس پاکستان کے متفقہ فیصلوں کی پابندی کی جائے۔ اجلاس میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی، مولانا زبیر احمد صدیقی، محترم جناب ناصر الدین خاکوانی، مولانا عبدالحق مجاہد، مولانا سلطان محمود ضیاء و دیگر علمائے کرام نے بھی خطاب کیا۔

**امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ کی رحلت:**......اسی روز اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی نور اللہ مرقدہ انتقال فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت امیر مرکزیہ مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ نے اپنی وفات سے کچھ دیر قبل ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب کو کندھوں پر تھپکی دی اور فرمایا اللہ کے بعد آپ دینی مدارس کے محافظ ہیں۔ موجودہ دور میں مدارس کے خلاف سازشیں عروج پر ہیں۔ آپ ہر سطح پر مدارس کا تحفظ یقینی بنائیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**ناظم اعلیٰ وفاق کی شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ کی نماز جنازہ میں شرکت:**......۲۱ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۲ فروری ۲۰۱۵ء بروز سوموار ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہروڑپکا، ضلع لودھراں میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ نماز جنازہ سے قبل حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ کے مشن اور دینی مدارس کی ترجمانی کرتے ہوئے انتہائی جرات مندانہ، تاریخ ساز اور عظیم الشان خطاب فرمایا۔ نماز جنازہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے پڑھائی۔

حضرت نے خطاب میں فرمایا کہ حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ نے زندگی بھر احیاءِ دین، دینی مدارس اور عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد کی۔ اسی مشن کی عملی جدوجہد میں حضرتؒ کا انتقال ہوا۔ ہم عہد کرتے ہوئے مولانا کے اس مشن کی تکمیل کے لئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ آپ نے فرمایا کہ دینی مدارس کی سٹریٹ پاور کسی سے کم نہیں۔ اگر مدارس کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند نہ ہوا، فتنہ قادیانیت کو ابھرنے کا موقع دیا گیا تو ملک بند کرنے کی کال دے سکتے ہیں۔

**شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم کا جامعہ خیر المدارس، ملتان میں درس حدیث:**......۱۳ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۳ فروری ۲۰۱۵ء بروز منگل ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم کی دعوت پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم جامعہ خیر المدارس، ملتان تشریف لائے اور جامع مسجد خیر المدارس میں علماء کرام، اساتذہ کرام اور طلبہ عزیز کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا! علمائے کرام استقامت کے ساتھ دین کا کام کرتے رہیں۔ کسی بھی قسم کی سختی سے نہ گھبرائیں اور طلبہ اپنی تمام تر توجہ دینی تعلیم کے حصول پر مرکوز رکھیں۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب نے درس حدیث دے کر تقریب میں موجود تمام علمائے کرام اور دورہ حدیث کے طلبہ کو سند حدیث سے نوازا۔ اس تقریب میں دارالعلوم کبیر والہ، جامعہ قادریہ حنفیہ ملتان، جامعہ رحیمیہ فتح العلوم اور ملتان کے قرب وجوار کے مدارس وجامعات کے اساتذہ کرام وطلبہ عزیز نے بھی شرکت کی۔

**اہل مدارس (ضلع خانیوال) کے اجلاس میں شرکت:**......اسی روز ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب نے اہل مدارس (مہتممین وعلمائے کرام) ضلع خانیوال کے مشاورتی اجلاس میں شرکت کی اور شرکائے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ دینی مدارس کو دہشت گردی سے جوڑنا اسلام اور مسلمانوں کے خلاف بین الاقوامی سازشوں کا حصہ ہے تاہم مدارس کی آزادی وخودمختاری پر آنچ نہیں آنے دیں گے اور مدارس کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو اللہ کے فضل وکرم سے ناکام بنادیں گے۔ ان شاء اللہ.............................. ☆☆



© rasailojaraid.com